نیوز ریلیز

سفارتخانہ ریاستہائے متحدہ امریکہ۔ اسلام آباد، پاکستان

رابطہ: البرٹو راڈریگیز

ترجمان

فون: 0300-501-2640

6اپریل 2011ء

برائے فوری اجراء

074/2011

امریکہ کی جانب سے مستقبل کے رہنماؤں کو تقریر کی مہارت کے فروغ کیلئے معاونت

عوام میں خیالات پیش کرنا کسی بھی پیشہ ور کی کامیابی کیلئے اہم ہوتا ہے

اسلام آباد(6اپریل 2011ء)___ امریکی سفارتخانہ کی جانب سے بدھ کے روز نیشنل لائبریری آف پاکستان میں ایک ورکشاپ کا اہتمام کیا گیا جس کا مقصد اسلام آباد اور راولپنڈی کی سرکاری جامعات کے 50 طلبہ کو تقریر کا فن اور مباحثہ میں بہتری کیلئے مشاورت اور رہنمائی فراہم کرنا تھا۔ طلبہ نے یہ مہارتیں سیکھیں جو کہ مستقبل میں ان کے لیے اہم ثابت ہونگی۔

اس تقریب میں اسسٹنٹ کلچرل آفیئرز آفیسر جیسن سیمور، مارکیٹنگ کمیونیکیشنز سپیشلسٹ سمیرا نوربٹ (یونیورسٹی آف مونٹانا آلومینس) اور لاہور گرائمر سکول ڈیبیٹ کوچ، رانا عامر فاروق (سمر یونائیٹڈ سٹیٹس انسٹی ٹیوٹ آلومینس) نے طلبہ کو فن تقریر کی تربیت دی۔

جیسن سیمور نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ تعلیم کے فروغ اور طلبہ کی پوشیدہ صلاحیتوں کو نکھارنے کے حوالے سے امریکہ نے عزم کر رکھا ہے۔

امریکی سفارتخانہ، امریکی حکومت کی مالی معاونت سے تبادلہ پروگراموں کے سابق شرکاء کے اشتراک سے متعدد تقریبات کا انعقاد کرتا ہے جس کا مقصد تعلیم کا فروغ بشمول کالجوں میں میلوں اور پاکستان اور امریکی مقررین کیساتھ تقریبات کا انعقاد شامل ہے۔ اسلام آباد میں امریکی سفارتخانے کا تعلیمی اور ثقافتی پروگرام دنیا بھر میں اپنی نوعیت کا سب سے بڑا پروگرام ہے۔ یہ پروگرام پاکستانی طلبہ کیلئے تعلیمی مواقعوں کی فراہمی کے حوالے سے امریکی عہد کا اہم حصہ ہیں، جو کہ دونوں ملکوں کے عوام کے درمیان تعلقات کے فروغ، اور پاکستان کے ساتھ باہمی اعتماد اور احترام کی بنیاد پر شراکت کے قیام پر مبنی ہے۔

###

مزید پریس ریلیز کیلئے ہماری ویب سائیٹ: http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں۔